## مقدس چارلس دی فوکو کا یومِ شہادت

دانیال 14-2:7 زبور دانیال 81-75:3

مقدس لوقا 33-29:21

**’’آسمان اور زمین ٹل جائیں گے لیکن میری باتیں ہرگز نہ ٹلیں گی۔‘‘ مقدس لوقا 33:21**

ہم لطوریائی سال کے اختتام کے قریب پہنچ رہے ہیں۔ اس لئے لطوریا ہمیں تیار کرتا ہے کہ اس بات پر غور کریں۔ کہ سب کچھ ختم ہو جائے گا۔ آج یا کل جو چیزیں مجھے اہم معلوم ہوتی ہیں۔ جلد ختم ہو جائیں گی۔ اور میں بھی ختم ہو جاؤنگا۔ لیکن یسوع مسیح کے وعدے ہمیشہ زندہ رہیں گے۔ میں وقت ضائع نہیں کرونگا۔ بلکہ مسیح کے کلام کے ساتھ چمٹا رہونگا۔





دانیال 27-15:7 زبور دانیال 87-82:3

مقدس لوقا 36-34:21

**’’حق تعالیٰ کے مقدسین سلطنت لے لیں گے‘‘ دانیال 18:7**

دانیال نبی اپنے رویا کی تفسیر حاصل کرتا ہے۔ چار حیوان زمین کے چار بادشاہوں کو پیش کرتے ہیں۔ لیکن بادشاہی جو قائم رہے گی وہ حق تعالیٰ کے مقدسین کی ہوگی۔ سمجھ لیں کہ آسمان کی بادشاہی کی بات ہو رہی ہے۔ جہاں وہ سب جو خدا باپ اور اس کے بیٹے کی فرمانبرداری کرنے والے ہیں وہ عید مناتے اور خوش ہوتے ہیں۔

## مقدس فرانسس زیویئر کی عید

اشعیا 19,17-16:63    7-2:64    زبور: 79

1 قرنتیوں 9-3:1    مقدس مرقس 37-33:13

**"تو اے خداوند ہمارا باپ ہے"۔ اشعیا 16:63**

یسوع مسیح کا شکر ہو جو ہمیں جاگتے رہنے کی دعوت دیتا ہے۔ اور ہمیں معلوم ہے کہ گھر کا مالک واپس آئے گا۔ ہم بھروسے کے ساتھ خداوند سے لپٹے رہیں۔ ہم جانتے ہیں کہ وہ ہمارا باپ ہے۔ اور اسی طرح ہمارے ساتھ پیش آتا ہے۔ ہماری گناہ آلودہ زندگی کے باوجود وہ ہمیں پیار کرتا اور بچانے کی تردد میں رہتا ہے۔





## مقدس جان ڈاماسین

اشعیا 5-1:2    زبور 121

مقدس متی 11-5:8

**"اتنا بڑا ایمان میں نے اسرائیل میں بھی نہیں پایا"۔ مقدس متی 10:8**

اے خداوند یسوع مسیح تو ایک بے دین کے ایمان سے متاثر ہوا۔ صوبے دار جو تجھ سے اپنے خادم کے لئے التجا کرتا ہے۔ اس کا یقین تھا کہ تیرا کہہ دینا ہی کافی ہے۔ جیسے خدا کا کلمہ جو مادہ اور روحانی دیواروں کو پار کرنے کے قابل ہے۔ آج میں بھی تیرے کلام پر اپنی بنیاد رکھنا چاہتا ہوں۔ اگر میں چٹان کی طرح قائم رہوں گا تو تُجھے خوشی حاصل ہو گی جیسے کہ اس وقت۔

اشعیا 11:1-10     زبور 71

## مقدس لوقا 10:21-24

**''میرے باپ کی طرف سے سب کچھ مجھے دیا گیا ہے۔'' مقدس لوقا 10:22**

اے خداوند یسوع مسیح تجھے باپ نے کیا دیا ہے؟ اس کے پاس کچھ نہیں۔ صرف اپنا آپ تجھے اس نے اپنی محبت کی بھرپوری عطا کی ہے۔ میں تیرا شکرگزار ہوں کیونکہ تو اس خزانے میں مجھے شریک کرنا چاہتا ہے۔





# مقدس نکولاس

اشعیا 25:6-10     زبور 22

## مقدس متی 15:29-37

**''یسوع پہاڑ پر چڑھا اور وہاں ٹھہر گیا''۔ مقدس متی 15:29**

اے یسوع مسیح پہاڑ پر ایک بڑا ہجوم تیرے پاس آیا۔ جو تجھے چاہتا ہے۔ تو اسے اوپر چڑھنے کی تکلیف سے نوازتا ہے۔ جو ان چیزوں سے جدا ہونے میں مدد کرتا ہے۔ جو ہمارا دھیان اور دل اپنی طرف متوجہ کرتیں ہیں۔ دراصل جو تیرے پاس آتے ہیں۔ ان کے پاس کچھ اور نہیں ہونا چاہیئے۔ تاکہ دھوکا نہ کھائیں۔

## مقدس امبروز

اشعیا 26:1-6 زبور 117

مقدس متی 7:21,24-27

**"ہمارے پاس ایک مضبوط شہر ہے۔" اشعیا 26:1**

یہ وہ مضبوط شہر ہے۔ جو چٹان پر بنایا گیا۔ خداوند کے کلام کی چٹان پر۔ جو کہ یسوع مسیح ہر روز بہت بڑی مقدار میں دیتا ہے۔ یہ شہر خوب مضبوط کر کے بنایا گیا ہے۔ تیری تعلیمات کی دیواریں اس کی حفاظت کرتی ہیں۔ تیرے ساکرامنٹ اس کو غذا مہیا کرتے ہیں۔ اور تیری پُرنور موجودگی اسے منور کرتی ہے۔





## مقدسہ مریم کا بیداغ حمل میں لیا جانا

تکوین 3:9-15,20 زبور: 97

افسیوں 1:3-6,11-12 مقدس لوقا 1:26-36

**"تجھ سے بیٹا ہوگا اور تو اس کا نام یسوع رکھے"۔ مقدس لوقا 1:31**

اے یسوع مسیح کی والدہ آج ہم تیرے بے داغ حمل میں لئے جانے کی خوشی منا رہے ہیں۔ تیری یکتا خوبصورتی تمام دنیا میں چمک رہی ہے۔ تیرے لباس کی شفافیت کسی گناہ سے آلودہ نہیں۔ ابد سے تجھے ہم آزاد اور مقدس دیکھ رہے ہیں۔ خدا کے بیٹے نے تجھ سے جسم لیا۔ جس کے ساتھ وہ ہمیں بچانے آیا ہے۔ تو ہمیں سب سے پہلے اپنے نام کی یاد دلاتی ہے جو ہمیں خوشی سے بھر دیتا ہے۔

## مقدس یوآن ڈائیگو

اشعیا 30:19-21,23-26　　زبور 146

مقدس متی 9:35-38,10:1,6-8

**’’اس لیے فصل کے مالک کی منت کرو کہ وہ اپنی فصل کاٹنے کے لیے مزدور بھیج دے‘‘۔ مقدس متی 9:38**

یسوع مسیح کی دعوت اس کے رسولوں کو عجیب سی لگ سکتی ہے۔ ہجوم بہت تھکا اور ہمت ہار چکا ہے۔ فصل تو بہت ہے۔ اور وہ ان سے دعا کرنے کو کہتا ہے۔ اسے علم ہے۔ جو انجیل کی منادی کرنے میں محنت کرتے ہیں۔ اس کا بہترین نتیجہ باپ کا تحفہ ہے۔ اگر انجیل کی منادی کرنے والے مزدور اس کی طرف متوجہ نہ ہوں تو اس کی مشقت فضول ہے۔





## خاتون لوریٹو

اشعیا 40:1-5,9-11　　زبور 84

2 پطرس 3:8-14　　مقدس مرقس 1:1-8

**’’وہ تمہیں روح القدس کا بپتسمہ دے گا‘‘۔ مقدس مرقس 1:8**

مقدس یوحنا بپتسمہ دینے والے کو یہ خوشی حاصل ہے کہ وہ جس کا ہمارے آباؤ اجداد اور نبیوں کو انتظار تھا۔ اس کا تعارف کروائے۔ آخر کار وہ جو حاضر ہے۔ اس کی طرف اشارہ کرسکتا ہے۔ وہ ہمیں بتا تا ہے۔ کہ وہ ہمیں خود خداوند کی زندگی دے گا اور وہ محبت جو اس دنیا میں آج تک کسی نے نہیں دیکھی۔

## مقدس ڈاماسس اوّل

اشعیا 10-1:35 زبور: 84

مقدس لوقا 26-17:5

**''اٹھ اور چل پھر''۔ مقدس لوقا 23:5**

آج تک کسی نے اس قسم کا حکم کسی کوڑھی کو نہیں دیا۔ اب جب کہ اس کا گناہ مٹا دیا گیا ہے۔ وہ اس قسم کا عجیب حکم بھی بجالا سکتا ہے۔ کچھ بھی اسے روک نہیں سکتا۔ میں بھی معافی مانگوں گا اور پھر حکم مانوں گا، میں اٹھ کھڑا ہونگا اور سب کے درمیان سر بلند کر کے چلونگا۔





## خاتون گوادالوپے، مقدس جین فرانس دی شنتال

اشعیا 11-1:40 زبور 95

مقدس متی 14-12:18

**''دیکھو خداوند پوری قدرت کے ساتھ آتا ہے'' اشعیا 10:40**

پُر رحم محبت خُداوند کی قوت ہے۔ آج یسوع مسیح اس کی یقین دہانی کرواتا ہے بھیڑ کی تمثیل بتاتے ہوئے جس نے اپنے ریوڑ کو چھوڑ دیا۔ اور وہ چرواہے کو بھی کھو بیٹھی۔ اپنی محبت کی طاقت اور روشنی سے وہ اسے ڈھونڈتا ہے اور اُس کو پانے کے بعد دوسری بھیڑوں کے سپرد کر دیتا ہے۔

# مقدسہ لُوسی

اشعیا 31-25:40 زبور 102

## مقدس متی 30-28:11

## ''میرا جوا درحقیقت شیریں ہے۔'' مقدس متی 30:11

جُوا ایک آلہ ہے جو فرمانبرداری کرنے میں مدد دیتا ہے۔ درحقیقت وہ جانوروں کو ریڑھی کھینچنے کے لئے استعمال ہوتا ہے۔ جو جانور کی گردن کیساتھ کس دیا جاتا ہے۔ یسوع مسیح کے ساتھ مُحبت کرنا خوشی ،سکون اور بہت بڑا اطمینان دیتا ہے۔ کیونکہ اس سے ہماری زندگی بہت سے لوگوں کے لئے کارآمد ہوسکتی ہے۔ اس کا جوا صلیب بھی ہے لیکن وہ شیریں ہے۔ کیونکہ وہ خود ہمارے ساتھ ہے۔





# صلیب کا خادم مقدس یوحنا

اشعیا 20-13:41 زبور:144

## مقدس متی 15-11:11

## ''میں تیری مدد کو آتا ہوں''۔ اشعیا 14:41

اشعیا نبی ہمیں یسوع مسیح کی آمد کی بڑی خواہش کرنے میں مدد کرتا ہے۔ یہی ہے جو ہمیں ہماری ہراداسی اور بددلی سے نکالتا ہے۔ پھر یسوع مسیح خود آج کی انجیل میں واضح کرتا ہے۔ کہ حقیقی مدد نہ صرف اس کے لئے بلکہ ہمارے لئے بھی ہے جو یوحنا بپتسمہ دینے والا جو کہ اس کا پیش رُو ہے۔

**اشعیا 48:17-19** **زبور 1**

## مقدس متی 11:16-19

**"حکمت اپنے کاموں سے راست ٹھہرتی ہے"۔ مقدس متی 11:19**

حقیقی حکمت وہی ہے جو یسوع مسیح کو ہمارے پاس لائی۔ اس کے کام اصل میں باپ کی محبت کا انکشاف کرتے ہیں۔ بیمار تندرست کئے جاتے، بوجھ سے دبے اور بدروحوں کے ستائے آزاد کئے جاتے، غریب تسلی اور حوصلہ پاتے ہیں۔





**یشوع بن سیراخ 48:1-4,9-11** **زبور 79**

## مقدس متی 17:10-13

**"لیکن میں تم سے کہتا ہوں کہ وہ آچکا اور اُنہوں نے اسے نہیں پہچانا"۔ مقدس متی 17:12**

یشوع بن سیراخ کہتا ہے۔ کہ الیاس آگ کی مانند ہے۔ آگ جو پاک کرتی اور منور کرتی ہے۔ یوحنا بھی بالکل اسی کی طرح ہے۔ اس کا کلام گناہگاروں کو اپنے گناہوں کی پہچان دلاتا تھا۔ اور اس نے خدا کے برّے کو پہچاننے کی روشنی دی جو کہ اسرائیل کا دلہا ہے۔

## کرسمس کا نوویینہ

اشعیا 11-10,2-1:61 زبور لوقا 54-53,50-46:1

1 تسالونیکیوں 24-16:5 مقدس یوحنا 28-19,8-6 1

### ''خداوند کی راہ کو سیدھا بناؤ۔'' مقدس یوحنا 23:1

خدا کی راہیں ایسا سفر ہے۔ جو وہ زمین پر آنے کے لئے طے کرتا ہے۔ یہ ہر دل کے لئے باطنی سفر ہے۔ ہر خاندان کا باطنی سفر، ہر بڑے اور چھوٹے معاشرے کے لئے ہے۔ اسی راستے کو سیدھا بنانے کے لئے ہم اپنے خیالوں اور رابطوں کو حلیمی اور سادگی سے مزین کریں گے۔





ارمیا 8-5:23 زبور 71

## مقدس متی 24-18:1

### ''جو بچہ اس کے اندر پیدا کیا گیا ہے وہ روح القدس سے ہے۔'' مقدس متی 20:1

مقدس یوسف پر یہ خواب میں ظاہر ہوا۔لیکن خدا کی طرف سے دیئے گئے خواب دوسرے خوابوں کی طرح نہیں۔ یہ ایک طریقہ کار ہے۔ جو وہ انسانوں کو آزادی سے قبول کرنے کی دعوت دیتا ہے۔ یوسف جلد ہی اس بچے کو سجدہ کرنا شروع کر دے گا۔ جسے وہ گناہ کا پھل سمجھ کر ڈرتا تھا۔کتنی تبدیلی!

قضات 25-24,17-213 زبور:70

## مقدس متی 24-18:1

## ’’سارے لوگ اکٹھے دعا کر رہے تھے‘‘۔ مقدس لوقا 10:1

اپنی سرکاری ذمہ داری کے تحت بخور چڑھاتا ہے۔ یہ بخور خدا کے سامنے لوگوں کے دلوں کے حالات پیش کرتا ہے۔ لوگ دُعا کرتے ہیں وہی دلوں کی خواہشات خدا کے حضور پیش کرتا ہے۔ وہ خدا جوان کا حادی اور سننے والا ہے۔ آج قوم کو ایک نشان ملے گا۔ کہ ان کی دعائیں سنی اور قبول کی گئی ہیں۔





اشعیا 14-10:7 زبور:23

## مقدس لوقا 38-26:1

## ’’وہ حق تعالی کا بیٹا کہلائے گا‘‘ مقدس لوقا 32:1

مریم کے لئے تعجبات ختم نہیں ہوئے بلکہ شروع ہوئے ہیں۔ وہ بیٹا جسے وہ خود اپنا آپ مختص کرے گی۔ وہ حق تعالی کا بیٹا ہوگا۔ وہ اپنے آپ کو خدا کی مرضی کو پورا کرنے کے لئے پیش کرتے ہوئے خدا کے بیٹے کی ماں بنے گی اس کا مطلب وہ جان نہیں سکتی کیونکہ انسانیت کی تاریخ میں اس قسم کی بات کبھی نہیں ہوئی۔ وہی اس کو ظاہر کرے گی۔

## مقدس پطرس کنیسیس

نشید الانشید 2:8-14 یا صفن یاہ 3:14-17 زبور:32

مقدس لوقا 1:39-45

**"مریم جلدی سے کوہستان کے علاقے کی طرف گئی۔" لوقا 1:39**

اے مریم تو ماں بن گئی ہے۔ اور تجھے علم نہیں کہ اس کا مطلب کیا ہے۔ اب تو ایک اور ماں کی طرف جلدی میں جاتی ہے۔ دونوں ہی اپنے خداوند کے فضل اور قوت سے چھوئی گئی ہیں۔ آپ کیا کہتے ہو؟ تم دونوں اس کی حمد و تعریف کرو گی جو تمہارے اندر تمہاری ہستی کو بدل رہا ہے۔ اور تمہیں ان سب خاندانوں اور پوری قوم کے لئے تحفہ بنا رہا ہے۔





1 سموئیل 1:24-28 زبور 1 سموئیل 2:1,4-8

مقدس لوقا 1:46-55

**"میری روح خداوند کی بڑائی کرتی ہے" مقدس لوقا 1:46**

اے مریم الزبتھ کے لئے تیرا اسلام دعا بن گیا۔ یہ اس سے فرق نہیں ہوسکتا تھا یہ اِس لئے فضل ہے۔ کہ وہاں تو اس کے ساتھ ہے۔ وہ عظیم ہے۔ وہ رحیم اور مہربان ہے۔ اس کی توجہ چھوٹوں اور ادنیٰ لوگوں کی طرف ہے۔ وہ سب طاقتوروں کے سامنے طاقتور ہے۔ تیری دعا کی صدا ہر روز اور تمام روئے زمین پر سے آتی رہے گی۔

## کیٹی کا مقدس یوحنا

ملاکی 3:1-4,23-24 زبور:24

مقدس لوقا 1:57-66

**"زکریا بولنے اور خدا کی تعریف کرنے لگا" مقدس لوقا 1:64**

اے خُدا ہمارے باپ تو ایک گونگے کی زبان سے تعریف کرواتا ہے۔ میں بھی اس کے ساتھ مل کر تیری تعریف اور تیرا جلال بیان کرتا ہوں۔ کیونکہ تو نے اپنے آپ کو اُن لوگوں کے ذریعے ظاہر کیا جو دُنیا کی نظر میں ناچیز ہیں تاکہ ان کے ذریعے ساری دنیا تیرا جلال دیکھے۔





2 سموئیل 7:1-5,8-12,14-16 زبور:88

مقدس لوقا 1:67-79

**"ایک سورج جو بلندی پر نکلتا ہے۔ ہماری ملاقات کو آئیگا"۔ مقدس لوقا 1:78**

زکریا خداوند کو مبارک کہتا ہے کہ جو نبیوں سے کئے گئے وعدوں پر قائم رہتا ہے۔ وہ بچہ جو اس سے بڑھاپے میں اس کی دُعاؤں کے سنے جانے سے پیدا ہوا۔ حق تعالٰی کا نبی کہلائے گا۔ جو نجات دہندہ کا اعلان کرے گا۔ یہ وہ نور ہو گا جو دنیا کو بھر دے گا۔ جیسے ایک الٰہی سورج جو دراصل اوپر سے آتا ہے۔

## فجر کی عبادت

اشعیا 6-1:9 زبور:95

طیطس 14-11:2 مقدس لوقا 14-1:2

## دن کے دوران

اشعیا 10-7:52 زبور:97

عبرانیوں 6-1:1 مقدس یوحنا 18-1:1

**"کلمہ خدا کے ساتھ تھا" مقدس یوحنا 1:1**

آج ہم اس بھید کی خوشی منائیں گے۔ کلمہ، کلمہ جو الٰہی محبت کی بھرپوری ہم تک پہنچاتا ہے۔ وہ ہمارے درمیان ہے۔ جیسے ہم میں سے ایک۔ ہم خوشی منانا شروع کر سکتے ہیں۔ ایک زندگی، بالکل نئی زندگی بسر کرنا شروع کر سکتے ہیں۔ اب ہم تنہا نہیں ہیں۔ اپنے ہی رحم و کرم پر نہیں۔ کیونکہ کلمہ مجسد ہوا اور ہمارے ساتھ ہے۔





## مقدس استیفن

رسولوں کے اعمال 60-54:17,12,10-8:6

زبور 30 مقدس متی 22-17:10

**"جو آخر تک قائم رہے گا وہ بچ جائے گا"۔ مقدس متی 10 :22**

استیفن آخر تک یسوع مسیح کو پیار کرتا رہا۔ وہ یسوع مسیح کے الفاظ دہراتا ہے۔ اپنے قاتلوں کو معاف کرنے اور خود کو باپ کے ہاتھوں میں سونپنے کے لئے وہ مستقل مزاج ہے۔ اذیت اور موت اسے الٰہی زندگی بسر کرنے میں رکاوٹ نہیں بن سکتی۔ ہم بھی سیکھنے کے لئے اس کا مشاہدہ کریں۔

## مقدس یوحنا انجیل نویس

**1 یوحنا 1:1-4**     **زبور: 96**

**مقدس یوحنا 20:2-8**

### ''ہماری شراکت باپ اور اس کے بیٹے یسوع مسیح کے ساتھ ہے'' مقدس یوحنا 1:3

یوحنا رسول مسیحی زندگی کے بیش قیمت بھید سے پردہ اٹھاتا ہے۔ ہم بھائی ہیں۔ کیونکہ زندگی کی شراکت رکھتے ہیں۔ اور یہ سب سے پہلے باپ اور بیٹے کے ساتھ۔ بغیر اس الٰہی گہرائی کے ہمارے بھائی ہونے کی ہر کوشش فضول ہوگی۔ یوحنا کو شکریہ کہیں۔ یسوع کی چھاتی پر جُھکنا اس کا سر ہمیں اس کے ساتھ شراکت میں جینے کا حوصلہ دیتا ہے۔





## معصوم شہید بچوں کی عید

**1 یوحنا 1:5-2:2**     **زبور: 123**

**مقدس متی 2:13-18**

### ''وہ اٹھا اور بچے اور اس کی ماں کو لے کر مصر میں رہا'' مقدس متی 2:14

فرمانبردار یوسف خوش ہے کہ مریم اس کی وفادار ہے۔ بچہ نہ صرف ان کے لئے مشکلات کا باعث ہے۔ بلکہ سب سے زیادہ خوشی کا اگرچہ بہت سی فکروں سمیت۔ اور یسوع کے ساتھ مصر، دشمن کی سرزمین اس کی میزبان بن جاتی ہے۔ اور بچے جو اس کی وجہ سے قتل ہوئے مقدسین کے جلال کی گواہی میں شریک ہو جاتے ہیں۔

## مقدس تھامس بیکٹ

1 یوحنا 11-3:2 — زبور 95

مقدس لوقا 35-22:2

**"میری آنکھوں نے تیری نجات دیکھ لی ہے" مقدس لوقا 30:2**

اے خداوند یسوع میری آنکھیں بھی ایک نئی روشنی دیکھتی ہیں۔ میں تجھے دیکھتا ہوں، پوری دنیا کی مسرت، خداوند کی محبت کا ظہور، دنیا کے استحصال اور جہالت سے نجات دینے والا۔





## مقدس سلویسٹر

1 یوحنا 17-12:2 — زبور 95

مقدس لوقا 40-36:2

**"اور وہ بچہ بڑھتا اور مضبوط ہوتا گیا" مقدس لوقا 40:2**

بچہ یسوع مسیح جسے شمعون اور حنہ نے یروشلیم کی ہیکل میں برکت دی۔ وہ بالکل دوسرے انسانوں کی طرح انسان ہے۔ انہی کی مانند بڑھتا ہے۔ آہستہ آہستہ دوسرے انسانوں کی طرح۔ اس میں وہ حکمت اور فضل ترقی پاتا ہے۔ جو ہمیں میں گھیرے ہوئے ہے۔ ہمارے اندر گناہ کی رکاوٹ کی وجہ سے رک جاتا ہے۔

## پاک خاندان کی عید

تکوین15:1-6,21:1-3 زبور104

عبرانیوں11:8,11-12,17-19 مقدس لوقا2:22-40

**''مریم اور یوسف بچہ یسوع مسیح کو ہیکل میں خداوند کی نذر کرنے کو لائے''۔مقدس لوقا2:22**

پاک خاندان کی عید۔اس سال کا اختتام یسوع مسیح کے لئے اس کے والدین کی محبت کو دیکھتے ہوئے کرتے ہیں۔یہ مریم کی عظیم محبت ہے۔جو وہ یوسف کی فرمانبردار ہے۔ بالکل اسی طرح جیسے بیٹا خدا کا ہے۔اور یوسف کی بڑی محبت ہے۔خداوند کے فرمانبردار کی۔اسے معلوم ہے کہ میں خاندان کا سربراہ کی کوئی مختاری نہیں اگر وہ خدا کی طرف سے جو آسمان پر ہے دی نہ جاتی ۔

---------------------------------------

---------------------------------------

---------------------------------------

---------------------------------------

---------------------------------------

---------------------------------------